تسکین الاتقیاء

یعنی

حیات النبی ﷺ



افادات

محمد حسن

امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور و استاذ جامعہ مدنیہ جدید لاہور

جامعہ محمدیہ لیک روڈ چوبرجی، و جامعہ عبداللہ بن مسعود و جامعہ محمد موسیٰ البازی

اپنے موضوع پر منفرد کتاب جس پر قابل ذکر اکابرین اہل سنت والجماعت

کی تصدیقات موجود ہیں

خوشبو والا عقیدہ

یعنی

عقیدہ حیات النبی ﷺ

افادات

امام الصرف والنحو استاذ العلماء ولی کامل الشیخ مولانا محمد حسن دامت برکاتہم

جامعہ محمدیہ لاہور، جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ لاہور

ترتیب وتدوین

محمد شہباز عالم فاروقی

جامعہ محمدیہ لاہور

الشہباز

مارشل ڈویلپرز ساہیوال

0313-8534562

جملہ حقوقِ طبع بحق ناشر محفوظ ہیں

اشاعت اول

۱۴۳۱ھ/۲۰۱۰ء

ناشر

مکتبہ الشہباز، مارشل ڈویلپرز ساہیوال

اسٹاکسٹ

مکتبہ الشہباز، مارشل ڈویلپرز
ناظم ٹاؤن ملتان جی ٹی روڈ ساہیوال

0300-8534562, 0321-6919656

فرمالیں۔تو فرمایا چلے جاؤ۔تم بیعت کے لیے تھوڑا ہی آئے تھے تم تو امتحان لینے کیلئے آئے تھے تو انھوں نے اٹھا دیا۔

حضرت استاذ مولانا امین صفدر اوکاڑوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے کہ میں دوسرے دن دوبارہ حاضر ہوا۔حضرت کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے بیعت فرمالیں تو فرمایا کہ ہاں۔اب تم بیعت کے لیے آئے ہو بیعت ہو جاؤ۔کیا عجیب شان ہے۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا کشف اور امتحان:

ہمارے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں تو سنا ہے کہ آپ کو وضوء کے پانی میں گناہ جھڑتے ہوئے نظر آجاتے تھے حاسدین ہر زمانے میں ہوتے ہیں۔وہ کہنے لگے کہ امام صاحب شاید اپنی طرف سے باتیں کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم آپکا امتحان لینگے تو انہوں نے فرمایا کہ ہاں بھائی! لے لو۔مسجد میں وقت مقرر کیا گیا امتحان لینے کا۔تو حضرت امام صاحب پہنچ گئے تو جیسے ہی پہنچے تو ایک آدمی غسل کر رہا تھا تو وہ پانی نالی میں بہہ رہا تھا تو حضرت امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نالی پر بیٹھ گئے۔تو فرمایا کہ مجھے اس پانی کے اندر والدہ کی نافرمانی کے گناہ جھڑتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔تو لوگ حیران رہ گئے۔

تو فرمایا کہ دیکھو میں ابھی تک ملا بھی نہیں ہوں اب جب نکلے تو خود پوچھ لینا تو وہ غسل کر کے باہر آیا تو لوگوں نے پوچھا کہ آپ کیا کر کے آئے تھے؟ تو اس نے کہا کہ گھر والدہ صاحبہ سے جھگڑا ہوا تھا۔طبیعت میں تیزی آگئی تو میں نے سوچا کہ غصہ تو حرام ہے چلو مسجد کے غسل خانے میں غسل کر کے آجائیں تاکہ میری طبیعت ٹھنڈی ہو جائے۔تو اس وقت علماء کرام نے بیک زبان کہا کہ جو آنکھیں حضرت امام صاحب کی دیکھتی ہیں وہ ہماری نہیں دیکھتیں۔حضرت امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا وہ برحق اور سچ ہے۔

اس لیے میرے عزیزو یہ سمجھو! کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر فرمان پر آمنّا وصدّقنا کہنا ہے۔کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرما دیا؛

انما القبر روضة من رياض الجنة (الحديث)